ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون؛۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی09اکتوبر2019ء؛۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے جرائم کیخلاف عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے انتہائی مطلوب ٹارگٹ کلرز کی گرفتاری اور بالخصوص میڈیکل کی طالبہ مصباح کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری پر ایس ایس پی ایسٹ اور انکی ٹیم کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس؛۔ فون؛۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی09اکتوبر2019ء؛۔

طارق رود پر نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پولیس آفیسر کے زخمی ہونیکا واقعہ۔آئی جی سندھ نے ایس ایس پی ایسٹ سے تفصیلات طلب کرلیں۔فائرنگ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیئے چھاپہ مارٹیم تشکیل دی جائے۔جائے وقوعہ سے اکٹھا شواہد اور دیگر دستیاب شہادتوں کی بنیاد پر تفتیش کے جملہ پہلوؤں کوکامیاب بنایا جائے۔زخمی پولیس آفیسر کے علاج معالجے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔

آئی جی سندھ

۔۔؛۔۔؛۔۔؛۔۔؛۔۔؛

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس؛۔ فون؛۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی09اکتوبر2019ء؛۔

کلفٹن میں دوہرے قتل کا معاملہ۔آئی جی سندھ نے ایس ایس پی ساؤتھ سے تفصیلات طلب کرلیں۔ایس ایس پی انویسٹی گیشن ساؤتھ کیس کی بذاتِ خود مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں۔ڈاکٹر اور اسکے بیٹے کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔کرائم انویسٹی گیشن ٹیم جائے وقوعہ پر ابتدائی تمام ضروری اقدامات کو غیر معمولی بنائے۔تفتیش کے تمام تر امور کو ہر پہلو اور زاویے سے جدید اور موئثر بنایا جائے۔دوہرے قتل کی واردات کی تفتیش تحقیق اور چھان بین کے عمل کو انتہائی غیر جانبدار اور کامیاب بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی09اکتوبر2019ء:۔

ڈرائیونگ لائسنس کے حصول میں شہریوں کو مبینہ پریشانی اور مشکلات کے حوالے سے اخبارات میں شائع ہونیوالی خبر پر آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ڈی آئی جی ڈرائیونگ لائسنس سندھ سے خبر کے مندرجات پر تفصیلی رپورٹ فی الفور طلب کر لی ہے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات جاری کیں کہ ڈرائیونگ لائسنس کے حصول اور فراہمی کے مجموعی امور کو فول پروف اور آسان بنایا جائے۔ان کا کہنا تھا کہ نئے یا پرانے ڈرائیونگ لائسنس کارڈز کی تجدید یا اجراء کے عمل میں درپیش ممکنہ رکاوٹوں کو فی الفور ختم کیا جائے اور اس حوالے سے نا صرف ڈی ایل برانچ اسٹاف کو شہریوں سے ہر ممکن تعاون کا پابند بنایا جائے بلکہ جملہ امور واقدامات میں مفاد عامہ پر بھی خصوصی فوکس رکھا جائے۔

ان کا کہنا تھا کہ انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس کے امیدواران کی بھی ہر سطح پر رہنمائی اور انھیں سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔